17 جولائی 2017ء

وزیراعظم کی ہدایت پر ایدھی مرحوم کے لیے یادگاری سکے کے ڈیزائن پر کام جاری ہے۔ اسٹیٹ بینک

عبدالستار ایدھی مرحوم کی یاد میں 50 روپے کے یادگاری سکے کے ڈیزائن پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ یادگاری سکہ جاری کرنے کا فیصلہ وفاقی حکومت کی جانب سے کیا گیا اور وزیر اعظم نواز شریف نے اس کی منظوری وفاقی کابینہ کے 15 جولائی 2016ء بروز جمعہ کو منعقد ہونے والے اجلاس میں دی تھی۔ سکے کے حتمی ڈیزائن کا فیصلہ وفاقی حکومت کرے گی۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر اس فیصلے کا اعلان گورنر بینک دولت پاکستان نے عبدالستار ایدھی مرحوم کے لیے اسٹیٹ بینک کراچی میں منعقد ہونے والے ایک تعزیتی اجتماع میں کیا تھا۔

حکومت اور دیگر اداروں کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے ساتھ ساتھ یادگاری سکے کے اجرا سے اس مرحوم انسان دوست شخصیت کی یاد ہماری تاریخ کا حصہ رہے گی۔ یہ ایدھی مرحوم کی انسانیت کے لیے خدمات کے اعتراف کی ایک نشانی ہے۔

گورنر اسٹیٹ بینک نے اس موقع پر کہا کہ وہ اقوام جو اپنے عظیم افراد کی تعظیم کرتی ہیں وہ ایسی میراث اور مثالیں چھوڑتی ہیں کہ ان کا کام مستقبل کی نسل بھی جاری رکھتی ہے۔

اسٹیٹ بینک سماجی شعبے، سول سوسائٹی، مالی صنعت کے نمائندوں اور مخیر حضرات کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے جنہوں نے ملک کے یتیموں، بیواؤں اور نادار افراد کے لیے مرحوم عبدالستار ایدھی کی شاندار خدمات کو یاد کرنے کے لیے منعقد ہونے والے تعزیتی اجتماع میں شرکت کی۔

قبل ازیں اسٹیٹ بینک نے عبدالستار ایدھی مرحوم کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے تعزیتی اجلاس منعقد کیا تھا جنہوں نے ضرورت مندوں، یتیموں اور مفلس افراد کے لیے خدمات انجام دیں اور جن کی فلاحی سرگرمیوں کا اعتراف نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی کیا جا چکا ہے۔ مقررین نے مرحوم ایدھی کو ملک میں سماجی فلاحی خدمات کی کمی کا خلا پر کرنے اور انسانیت کی خدمت کے لیے ایک مضبوط تنظیم کی بنیاد رکھنے کے حوالے سے خراج عقیدت پیش کیا۔

****